"کوثر و گنگا کو اک مرکز پہ لانے کے لیے ایک نیا سنگم بناؤں گا زمانے کے لیے"

سچ کی آواز

SACH KI AWAZ • सच की आवाज़

گل کی کپتانی میں انگلینڈ دورے کیلئے ٹیم انڈیا کا اعلان

P-08



دہشت گردی کے خلاف متحد ہے ہندوستان

P-03

@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily | Published from New Delhi & Patna | www.sachkiawaz.com

₹ 3.00 • Pages 08 New Delhi • Vol.:7 • Issue: 112 (City) SUNDAY 25 MAY 2025 • بے باک صحافت کا علمبردار • اتوار 25 مئی 2025، مطابق 26 ذی القعدہ 1446ھ ₹ 3.00 قیمت • 112 شمارہ • 7 جلد • نئی دہلی

اب مدارس میں گونجے گی آپریشن سندور کی بازگشت

اتراکھنڈ کے بعد راجستھان میں بھی کرنل صوفیہ قریشی کو مدرسوں کے نصاب میں شامل کرنے کا اعلان

(پی این این)

جے پور: اتراکھنڈ کے بعد راجستھان مدرسہ بورڈ کے تحت چلنے والے مدارس کے نصاب میں آپریشن سندور کو شامل کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔ راجستھان مدرسہ بورڈ کے چیئرمین ایم ڈی چوپدار نے بتایا کہ آپریشن سندور کو ثانوی تعلیمی بورڈ کے نصاب میں شامل کیا جائے گا۔ چوپدار نے جودھ پور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میں شیخاوٹی کے ایک فوجی خاندان سے تعلق رکھتا ہوں، میری خواہش ہے کہ ہماری افواج نے آپریشن سندور کے ذریعے جو بہادری دکھائی ہے، وہ مدارس کے بچوں کو بھی پڑھائی جائے۔

انہوں نے بتایا کہ جب کرنل صوفیہ نے پہلی بار اتنے بڑے آپریشن کی بریفنگ دی تو سب کو ان پر فخر ہوا۔ ہم زیادہ سے زیادہ مسلم بچوں کو ان کے بارے میں بتائیں گے تاکہ وہ آگے بڑھیں۔ اس کے لیے ہم ثانوی تعلیمی بورڈ سے بات کریں گے اور اسے نصاب میں شامل کریں گے اور بچوں کے ساتھ میٹنگ کر کے انہیں اس بارے میں آگاہ کریں گے۔ خاص طور پر لڑکیوں کو اس بارے میں آگاہ ہونا چاہیے۔ کرنل صوفیہ مسلم کمیونٹی کی بیٹی ہیں اور اتنے بڑے عہدے پر فائز ہیں۔ اس سے معاشرے میں بیداری آئے گی اور بچوں کو بھی ترغیب ملے گی۔

چیئرمین نے کہا کہ راجستھان ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت 3700 مدارس چل رہے ہیں۔ اس وقت آٹھویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔ میں نے پچھلی حکومت سے مطالبہ کیا تھا اور میں موجودہ حکومت سے بھی مطالبہ کر رہا ہوں کہ مدارس کم سے کم دسویں کلاس تک تسلیم کیا جائے تاکہ آٹھویں جماعت کے بعد ڈراپ آؤٹ پر قابو پایا جا سکے۔ چوپدار نے بتایا کہ فی الحال مدارس کی جدید کاری پر کام جاری ہے۔ اسمارٹ کلاسز اور آلات مل رہے ہیں۔ ان مدارسوں میں دین کی دی جا رہی ہے جس میں انسانیت سکھائی جاتی ہے۔ چیئرمین نے کہا کہ گذشتہ حکومت نے مدرسہ بورڈ کے 5000 سے زائد پیراٹیچرز کو ریگولر کرنے کا حکم دیا تھا، لیکن وہ حکومت میں واپس نہیں آئی۔ جانچ بھی ہو چکی تھی۔ موجودہ حکومت بھی چاہتی ہے کہ ریگولرائزیشن ہو لیکن کرپٹ افسران اس میں رکاوٹیں پیدا کر رہے ہیں اور مسلسل مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ جو اساتذہ صحیح ہیں اور جن کے کاغذات درست ہیں انہیں ریگولر کیا جائے۔

واضح ہو کہ 2016 میں 'فورس 18' فوجی مشق میں ہندوستانی فوج کی قیادت کرنے والی کرنل صوفیہ قریشی نے آپریشن سندور پر بریفنگ میں ہندوستان کی خواتین کی طاقت کو اجاگر کیا۔ وہ ہندوستانی فوج کے سگنل کور میں خدمات انجام دیتی ہیں اور 2006 میں کانگو میں اقوام متحدہ کے امن مشن میں بھی خدمات انجام دے چکی ہیں۔ ان کی کہانی مدرسے کی لڑکیوں کو فوج اور دیگر شعبوں میں کیریئر بنانے کی ترغیب دے سکتی ہے۔

ترقی یافتہ ہندوستان ہر شہری کی خواہش

معیشت کی ترقی کی رفتار بڑھانے کیلئے ٹیم کے طور کرنا ہوگا کام: پی ایم

(پی این این)

نئی دہلی: وزیر اعظم نریندر مودی نے ترقی یافتہ ہندوستان کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ملک کی اقتصادی ترقی اور مختلف شعبوں میں ترقی کی شرح کو تیز کرنے اور مرکز اور ریاستوں کے درمیان تال میل بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ راجدھانی میں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی 10 ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان اب ملک کے ہر شہری کی خواہش بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ترقی کی رفتار کو بڑھانا ہے، اگر مرکز اور تمام ریاستیں مل کر ٹیم انڈیا کی طرح کام کریں تو کوئی بھی مقصد ناممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان اب ہر شہری کا ہدف بن گیا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا، ہندوستان تب ہی ترقی یافتہ ہوگا جب ہر ریاست ترقی کرے گی۔ یہ ملک کے 140 کروڑ شہریوں کی خواہش ہے۔ معیشت میں خواتین کے کردار کو بڑھانے پر زور دیتے ہوئے مودی نے کہا، "ہمیں خواتین کو افرادی قوت میں شامل کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ ہمیں ایسے قوانین اور پالیسیاں بنانے چاہئیں، جن سے انہیں احترام کے ساتھ افرادی قوت میں شامل کیا جا سکے۔" وزیر اعظم نے کہا کہ ہمیں اس طرح کام کرنا چاہیے کہ نافذ کی گئی پالیسیاں عام شہریوں کی زندگیوں میں تبدیلی لائیں، جب لوگ تبدیلی کو محسوس کرتے ہیں تب ہی تبدیلی کو تقویت ملتی ہے اور تبدیلی ایک تحریک میں بدل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا، "ایک ٹیم کے طور پر ہمارے پاس 140 کروڑ لوگوں کی امنگوں کو پورا کرنے کا بہترین موقع ہے۔ ہمیں 2047 تک ہندوستان کو ترقی یافتہ بنانے کے ہدف پر توجہ مرکوز کرنی چاہئے۔ ہمارا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ ہر ریاست ترقی کرے، ہر شہر ترقی کرے، ہر میونسپلٹی ترقی کرے اور ہر گاؤں ترقی کرے۔"

انہوں نے کہا کہ اگر ہم ان تمام سمتوں میں مل کر کام کریں تو ہمیں ترقی یافتہ ہندوستان بننے کے لیے 2047 تک انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ انہوں نے سیاحت کے شعبے کی ترقی کے فوائد پر بھی روشنی ڈالی اور "ایک ریاست: ایک عالمی منزل" کا نعرہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستوں کو چاہئے کہ وہ ہر ریاست میں کم از کم ایک سیاحتی مقام کو عالمی معیار کے مطابق تیار کریں اور تمام سہولیات اور بنیادی ڈھانچہ فراہم کریں۔

آپ بہت بہادر بچے ہیں، ہمیں آپ پر فخر

راہل گاندھی کی پونچھ میں پاکستانی گولہ باری کے شکار کنبوں سے ملاقات

(پی این این)

پونچھ: لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے آج سرحدی علاقہ پونچھ کا دورہ کیا۔ وہ گزشتہ دنوں پاکستانی گولی باری میں متاثر کنبوں سے ملاقات کے لیے پونچھ پہنچے تھے، جہاں متاثرہ افراد سے بات چیت کر ان کی تکلیفوں کو سمجھنے کی کوشش کی۔ کانگریس نے اپنے 'ایکس' ہینڈل پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں راہل گاندھی متاثرہ کنبوں سے بات کرتے اور ان کے گھر کا معائنہ کرتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں۔

کانگریس نے 'ایکس' ہینڈل پر شیئر کی گئی ویڈیو کے ساتھ لکھا ہے کہ "راہل گاندھی نے پونچھ میں پاکستانی گولی باری میں متاثر ہوئے کنبوں سے ملاقات کی۔ اس دوران راہل گاندھی جی نے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ان گھروں کا بھی معائنہ کیا، جنھیں سرحد پار سے ہوئی گولی باری میں شدید نقصان پہنچا ہے۔" اس پوسٹ میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ "ریاست کے لوگوں کے لیے یہ بحران کا وقت ہے اور اس میں ہم سبھی کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں۔" ویڈیو میں ٹوٹے پھوٹے مکانات اور دیواروں پر گولیوں کے نشانات صاف دیکھے جا سکتے ہیں۔

اس دوران راہل گاندھی نے پونچھ واقع کرائسٹ اسکول کا بھی دورہ کیا جہاں کم عمر طلبا نے ان کا بھرپور انداز میں استقبال کیا۔ راہل گاندھی نے یہاں پاکستانی گولی باری کا سامنا کرنے والے بچوں سے بات چیت بھی کی۔ متاثرہ طلبا سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ "آپ بہت بہادر بچے ہیں، اور ہمیں آپ پر بہت فخر ہے۔" انھوں نے مزید کہا کہ "آپ کو تھوڑے خطرہ اور خوفناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے، لیکن پریشان نہ ہوں۔ سب کچھ جلد معمول پر آ جائے گا۔"

24 وانٹیڈ نکسلیوں نے کیا سرینڈر

(پی این این)

بیجاپور: ابوجھماڑ نکسل انکاؤنٹر میں 27 نکسلیوں کے خاتمے کے ایک دن بعد بیجاپور میں 24 نکسلیوں نے ایک ساتھ ہتھیار ڈال دیے۔ اس میں نکسلائٹس بھی شامل ہیں جن پر کل 87.05 لاکھ روپے کا انعام ہے۔ ہتھیار ڈالنے والے نکسلیوں میں کمپنی نمبر 02 کا ڈپٹی کمانڈر راکیش بھی شامل ہے۔ صرف ڈپٹی کمانڈر راکیش پر 10 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ ماؤنوازوں کو سرکاری اسکیم کے تحت 50,000 روپے کی نقد رقم فراہم کی۔

اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ نے جج کو بنایا انتقام کا شکار

جھوٹی ایف آئی آر درج کر کے خاتون جج کو کیا گیا بدنام

(پی این این)

نئی دہلی: دہلی کی ایک عدالت میں ایک عدالتی اہلکار نے دعویٰ کیا ہے کہ انسدادِ بدعنوانی شاخ نے ایک جج کے خلاف انتقامی کارروائی کے طور پر رشوت ستانی کا جھوٹا مقدمہ درج کیا ہے تاکہ انہیں پھنسا کر بدلہ لیا جا سکے۔ اہلمد نے عدالت میں دائر اپنی قبل از گرفتاری ضمانت کی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ انہوں نے کوئی غلط کام نہیں کیا اور انہیں جان بوجھ کر جھوٹے مقدمے میں پھنسایا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ خصوصی جج دیپالی شرما کی عدالت میں ان کی تعیناتی 14 ستمبر 2023 سے 21 مارچ 2025 کے دوران رہی تھی۔ دورانِ تعیناتی زیادہ تر مقدمات میں اے سی بی ہی شکایت کنندہ تھی۔ دورانِ ملازمت اے سی بی اور دہلی حکومت کے کچھ افسران نے انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں، جس کے بعد انہوں نے 25 جنوری 2025 کو اپنا تبادلہ کرانے کی درخواست دی تھی۔

۔ 16 مئی کو، عدالت کے جج نے اے سی بی کے جوائنٹ کمشنر کو اظہارِ وجوہ کا نوٹس جاری کیا کہ کیوں نہ ان کے خلاف دہلی ہائی کورٹ میں تو عدالت کی کارروائی کی جائے، کیونکہ انہوں نے عدالتی اہلکاروں کو مبینہ طور پر دھمکایا تھا۔ اہلمد نے الزام لگایا کہ اس کے بعد اے سی بی اور دہلی سرکار کے حکام نے جج سے انتقام لینے کی نیت سے ان کے خلاف من گھڑت اور جھوٹی ایف آئی آر درج کی تاکہ جج کو بھی بدنام کیا جا سکے۔ 22 مئی کو خصوصی جج دیپالی شرما نے سرکاری وکیل کے دلائل سننے کے بعد اہلمد کی ضمانت کی عرضی خارج کر دی۔ سرکاری وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ سازش کی مکمل حقیقت جاننے کے لیے ملزم سے حراست میں پوچھ گچھ ضروری ہے۔

ملک میں کورونا کیسز میں خطرناک اضافہ، مہاراشٹر، گجرات، کرناٹک میں 95 نئے معاملے، الرٹ جاری

(پی این این)

نئی دہلی: کورونا کے بڑھتے معاملوں نے بیرون ممالک کے بعد اب ہندوستان میں بھی تشویش پیدا کر دی ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں کووڈ-19 کا نیا ویریئنٹ 'جے این 1' تیزی سے پھیل رہا ہے۔ مہاراشٹر، کیرالہ، دہلی، گجرات، ہریانہ اور کرناٹک میں لگاتار نئے کیسز ریکارڈ کیے جا رہے ہیں۔ کورونا کے بڑھتے کیسز کو دیکھتے ہوئے کئی ریاستوں میں محکمہ صحت نے ایڈوائزری بھی جاری کر دی ہے اور اسپتالوں کو الرٹ پر رہنے کا حکم صادر کر دیا گیا ہے۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق مہاراشٹر میں جو 45 نئے کورونا کیسز ریکارڈ ہوئے ہیں، ان میں سب سے زیادہ 35 کا تعلق ممبئی سے ہے۔ جنوری 2025 سے اب تک مہاراشٹر میں مجموعی طور پر 6819 لوگوں کا کووڈ ٹیسٹ کروایا گیا ہے، جن میں 210 پازیٹو ملے ہیں۔ ممبئی میں مجموعی طور پر 183 پازیٹو مریض ملے، جن میں سے 81 صحت یاب ہو چکے ہیں اور بقیہ میں ہلکی علامتیں موجود ہیں۔ یعنی گھبرانے کی زیادہ ضرورت نہیں ہے، لیکن احتیاط کا دامن بھی نہیں چھوٹنا چاہیے۔

ادھر کرناٹک میں اب تک ریاست میں کورونا کے کل 35 فعال کیسز سامنے آئے ہیں، جن میں سے 32 صرف بنگلور شہر میں درج کیے گئے ہیں۔ گجرات میں کورونا کے 15 معاملے درج کیے گئے، جبکہ کیرالہ کی وزیر صحت وینا جارج نے بتایا کہ مئی ماہ میں کووڈ-19 کے 182 معاملے ریاست میں درج کیے گئے ہیں۔ بعد میں ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ کیرالہ میں یکم مئی سے اب تک 273 کیسز سامنے آ چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کیرالہ میں الرٹ جاری کر دیا گیا ہے اور نگرانی بھی بڑھ گئی ہے۔

محاسبہ، آج کا کالم

ایک دو زخم نہیں جسم ہے سارا چھلنی۔۔۔

سید فیصل علی کی

خصوصی تحریر صفحہ 5 پر

سپریم کورٹ میں 13 جولائی تک گرمیوں کی تعطیل

(پی این این)

نئی دہلی: سپریم کورٹ میں پیر سے گرمیوں کی تعطیلات شروع ہو رہی ہیں۔ اس عرصے کو غالباً پہلی بار جزوی کام کے دن کا نام دیا گیا ہے اور اس عرصے میں بھی پہلے کی طرح جزوی اوقات کام کاج ہوں گے۔ عدالت عظمیٰ کے نوٹیفکیشن کے مطابق 26 مئی سے 13 جولائی 2025 تک جزوی کام کے دن ہوں گے اور 14 جولائی 2025 سے عدالت عظمیٰ کا باقاعدہ کام شروع ہو جائے گا۔ اس جزوی ورکنگ ڈے میں 21 بینچ مختلف مقدمات کی سماعت کریں گی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پانچ بنچ 26 مئی سے یکم جون کے دوران مختلف مقدمات کی سماعت کریں گی۔ چیف جسٹس گاوئی اور جسٹس آگسٹین جارج مسیح، جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس دیپانکر دتا، جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سنجے کمار، جسٹس جے کے مہیشوری اور جسٹس اروند کمار کے علاوہ جسٹس بی وی ناگرتنا اور جسٹس ستیش چندر شرما پر مشتمل بنچ الگ الگ کیس کی سماعت کریں گے۔

امریکہ میں پیدا ہونے والے ہر بچے کو ملیں گے 85 ہزار روپے، ٹرمپ کا تحفہ

(ایجنسیاں)

واشنگٹن: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ ملک میں پیدا ہونے والے بچوں کو تحفہ دینے جا رہے ہیں۔ ٹرمپ حکومت نے بچوں پر مبنی ایک خصوصی منصوبہ شروع کیا ہے جس کے تحت ڈونالڈ ٹرمپ کی دوسری مدت کار کے دوران پیدا ہونے والے امریکی بچوں کو 'ٹرمپ اکاؤنٹ' میں 1000 ڈالر یعنی تقریباً 85 ہزار روپے جمع کرائے جائیں گے۔ صدر ٹرمپ نے نئے ٹیکس بل میں اس بارے میں جانکاری دی۔ ساتھ ہی امریکی ہاؤس ریپبلکن نے اپنے ٹیکس بل میں ایک بڑی تبدیلی کی ہے۔ انہوں نے 'MAGA اکاؤنٹ' کا نام بدل کر 'ٹرمپ اکاؤنٹ' کر دیا ہے۔ اسی اکاؤنٹ میں بچے کے لیے ایک ہزار ڈالر جمع کیے جائیں گے۔ گزشتہ ہفتے امریکی حکومت نے ایک منصوبہ بنایا تھا۔ اس منصوبہ کا نام 'ویلتھ کریشن پروگرام' تھا۔ یہ پروگرام ان بچوں کے لیے تھا جو ٹرمپ کے صدر رہتے ہوئے پیدا ہوئے تھے۔ اس میں حکومت چاہتی تھی کہ بچوں کے لیے منی اکاؤنٹ فار اینڈ ایڈوانسمنٹ بھی بنے۔ اسے ہی 'ماگا اکاؤنٹ' کہا گیا جو اب بدل کر ٹرمپ اکاؤنٹ ہو گیا ہے۔ اس منصوبے کا استعمال بچوں کی تعلیم پر ہو سکتا ہے۔ اس سے گھر خریدنے کے لیے ڈاؤن پیمنٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اتنا ہی نہیں اس پیسے سے چھوٹا کاروبار بھی شروع کیا جا سکتا ہے۔ اس بل کو ہاؤس ریپبلکن نے بھی پاس کر دیا ہے لیکن سینیٹ میں اس کو لے کر مخالفت بھی ہو سکتی ہے۔ ٹرمپ اکاؤنٹ ان لوگوں کے لیے کافی فائدہ مند ہو سکتا ہے جو بچت کرنا چاہتے ہیں۔ اس میں خاص بات یہ ہے کہ اس اکاؤنٹ میں پیسے پر ٹیکس بھی نہیں لگتا ہے۔ لیکن جب آپ پیسے نکالیں گے تب آپ کو ٹیکس دینا ہوگا۔ وہ ٹیکس لیکن کم شرح پر دینا ہوگا۔

8.20 لاکھ عازمین حج پہنچے ارض مقدس

100 ملکوں کے 1300 عازمین کو شاہی مہمان کی سعادت، شاہ سلمان ہوں گے میزبان

(ایجنسیاں)

مکہ مکرمہ: سعودی عرب میں حج سیزن 2025 کیلئے دنیا بھر سے عازمین حج کے قافلے روزانہ کی بنیاد پر مقدس سرزمین کا رخ کر رہے ہیں۔ سعودی محکمہ پاسپورٹ نے اعلان کیا ہے کہ بیرون ملک سے آنے والے عازمین حج کی تعداد 8 لاکھ 20 ہزار 665 تک پہنچ گئی ہے۔ رپورٹس کے مطابق زمینی راستے سے 35 ہزار 478 عازمین مملکت پہنچے جبکہ بحری ذرائع سے آنے والے عازمین کی تعداد دو ہزار 822 رہی۔ سب سے زیادہ عازمین فضائی راستے سے مملکت پہنچے جن کی تعداد 7 لاکھ 82 ہزار 358 ہے۔

محکمہ پاسپورٹ نے فضائی، بری اور بحری پورٹس پر عازمین کے داخلے کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے لیے تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ یاد رہے کہ مملکت کے تمام بین الاقوامی پورٹس کے امیگریشن ہالز میں کو الیفائیڈ عملہ اور جدید تیکنیکی ڈیوائسز کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب میں غیر قانونی حج روکنے کے لئے ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا، مکہ مکرمہ کی حدود میں نگرانی کی جائے گی۔ ڈرونز کی مدد سے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ پکڑے گئے افراد کے گھر سے مزید 14 افراد گرفتار کیے گئے ہیں، گرفتار کیے گئے افراد میں کسی کے بھی پاس حج پرمٹ موجود نہیں تھا۔

خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی جانب سے ایک بار پھر بین الاقوامی اتحاد، اسلامی اخوت اور خدمتِ دین کی درخشاں روایت کو زندہ رکھا گیا ہے۔ اس سال دنیا کے 100 ممالک سے 1300 ممتاز افراد کو شاہی مہمانوں کے طور پر حج کی سعادت حاصل کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ ان مہمانوں میں مختلف ممالک کے علما، اسکالرز، مذہبی قائدین، سماجی شخصیات اور اسلامی تنظیموں کے نمائندے شامل ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے 'ایس پی اے' کے مطابق، اس خصوصی پروگرام کی نگرانی وزارتِ اسلامی امور، دعوت و ارشاد کر رہی ہے۔ وزیر اسلامی امور اور پروگرام کے سپروائزر، شیخ ڈاکٹر عبداللطیف آل الشیخ نے ایوانِ شاہی کی جانب سے اس روح پرور اقدام پر شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

یہ پروگرام 1417 ہجری میں شاہی حکم سے شروع کیا گیا تھا، اور اب تک 140 سے زائد ممالک کے تقریباً 65 ہزار مرد و خواتین شاہی مہمان کے طور پر حج کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد اسلامی دنیا کے درمیان علمی، فکری اور مذہبی روابط کو مستحکم کرنا ہے۔

MET-SEED SCHOLARSHIPS 2025-26

SEED Support for Educational & Economic Development

Muslim Education Trust (MET) is delighted to invite Scholarship applications for the Academic Year **2025-26** for:

UG, PG, and PhD Courses

This Scholarship is designed to support bright & deserving students from North India. in realising their academic dreams.

Interested candidates are welcome to submit their applications by hand/Post/Courier till **31st July 2025**. Only short listed candidates will be called for interview.

Forms can be downloaded from our website **(www.metdelhi.org)** or obtained from our office. Completed applications along with the required documents, should be sent to the address given below before the last date.

Muslim Education Trust

E-3, Abul Fazl Enclave, Jamia Nagar New Delhi-110025

Email: metdelhi@gmail.com

Phone: 011-41015286/8929145725 (office hours)